شیشہ پر والی تتلی

اس تتلی کا نام 'گریٹا اوٹو' ہے ۔ ماہرین کے مطابق تین خواص کی بنا پر اس کے پر انتہائی شفاف نظر آتے ہیں اور اسی مناسبت سے اسے 'گلاس ونگ بٹرفلائی ' کہا جاتا ہے۔ یہ چلی اور جنوبی امریکہ کے دیگر علاقوں میں پائی جاتی ہے۔

فرعونی چیونٹیاں

انہیں انگریزی میں "فاراؤ اینٹس" یعنی فرعونی چیونٹیاں کہا جاتا ہے۔ دو ملی میٹر جسامت کی یہ چیونٹیاں پیلے یا بھورے رنگ کی ہوتی ہیں۔ یہ گھروں اور ہسپتالوں میں پائی جاتی ہیں ۔ ان چیونٹیوں کو مختلف رنگوں کے میٹھے مشروب پلائے گئے جو ان کے شفاف پیٹ سے بھی جھلک رہے ہیں۔

سرجن فِش

تصویر میں سرجن فش کا ایک چھوٹا بچہ نمایاں ہے جو نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ہے۔ اس کی زیادہ سے زیادہ لمبائی 12 انچ تک ہوتی ہے اور اسے ایکویریئم میں خوبصورتی کے لیے رکھا جاتا ہے۔

میکروپِنا

ماہرین اس مچھلی سے 1939 سے واقف تھے لیکن اس کی پہلی تصویر 2004 میں لی گئی۔ میکروپنا مائیکرواسٹوما مچھلی کا سر بہت شفاف ہوتا ہے جس میں اس کا مغزاور دیگر اعصاب بہ آسانی دیکھے جاسکتے ہیں۔

سِلور ایلز



یورپین ایل اگرچہ پوری زندگی رنگ بدلتی رہتی ہیں تاہم ابھی یہ شفاف نظر آرہی ہیں۔ لیکن میٹھے اور کھارے پانی میں یہ 5 سے 20 سال میں بالغ ہوجاتی ہیں اور شفاف نہیں رہتیں۔

ایک اور شیشہ مچھلی

یہ بھی نیوزی لینڈ میں پائی جاتی ہے۔ اس کا جسم بہت حد تک شفاف ہوتا ہے اور تصویر میں اس کی ہڈیوں کا ڈھانچہ بھی نظر آرہا ہے۔

شیشہ مینڈک

شیشہ مینڈک کی ایک دلکش تصویر جس کا رنگ ہلکا سبز ہوتا ہے۔ شفاف جھلی میں اس جاندار کی آنتیں، دل اور دیگر اعضا دیکھے جاسکتے ہیں۔

لاپاما مینڈک

لاپاما مینڈک بھی شیشے کی طرح شفاف ہوتا ہے۔ تصویر میں اس کے اندرونی اعضا نمایاں ہیں۔ یہ پانامہ اور کولمبیا میں عام پایا جاتا ہے۔

چھوٹی شیشہ مچھلی

یہ ایک اور چھوٹی مچھلی ہے جو شیشے کی طرح شفاف ہے۔

شرمپ

یہ شرمپ سمندری کھیرا (سی کوکمبر) کہلانے والے ایک اور سمندری جانور پر رہتا ہے اور انتہائی شفاف جانداروں میں سے ایک ہے۔